جنرل ریاضی	نہم، گوجرانوالہ بورڈ، 2019	پرچہ: I
وقت: 2.10 گھنٹے	(انشائیہ)	کل نمبر: 60

(پہلا گروپ)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ حصہ دوم میں سے تین (3) سوالات حل کیجئے۔

(حصہ اوّل)

2- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (2×6=12)

(i) تناسب راست کی تعریف کیجئے۔

(ii) $\frac{3}{20} : \frac{13}{40}$ نسبت کو آسان ترین شکل میں لکھئے۔

(iii) 0.065 اعشاریہ کو فیصد میں تبدیل کیجئے۔

(iv) اگر چاندی کی مالیت 300000 روپے ہو تو اس پر زکوٰۃ معلوم کیجئے۔

(v) زکوٰۃ کی تعریف کیجئے۔

(vi) قیمت خرید معلوم کیجئے جبکہ قیمت فروخت = 851 روپے اور نقصان 8 فیصد ہو۔

(vii) درج شدہ قیمت معلوم کیجئے جبکہ قیمت فروخت = 515.20 روپے اور چھوٹ 8 فیصد ہو۔

(viii) چھوٹ کی تعریف کیجئے۔

(ix) 700 سعودی ریال کو پاکستانی روپے میں تبدیل کیجئے جبکہ سعودی ریال کا ریٹ 22.400 روپے ہو۔

3- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (2×6=12)

(i) کریڈٹ کارڈ سے کیا مراد ہے؟

(ii) سیلز ٹیکس کی تعریف کیجئے۔

(iii) ایک کمپیوٹر کی قیمت 34800 روپے ہے۔ جس میں 16 فیصد سیلز ٹیکس شامل ہے۔ کمپیوٹر کی اصل قیمت کیا ہے؟

(iv) $x^{\frac{1}{4}} \div x^{\frac{2}{3}}$ کو مختصر کیجئے۔

(v) 50,00,000 کو سائنسی ترقیم میں لکھئے۔

(vi) $\log x = 4.4236$ ہو تو x کی قیمت معلوم کیجئے۔

(vii) جمعی وسط کی تعریف کیجئے۔

(viii) 3 اور 27 کے درمیان ضربی وسط معلوم کیجئے۔

(ix) اس ضربی سلسلہ کی 5 ویں رقم معلوم کیجئے۔ جس میں $a=2$ اور $r=3$ ہو۔

4- کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجئے: (2×6=12)

(i) اگر $A=\{1,4,7,8\}$ اور $C=\{3,4,5,7\}$ ہو تو $A \cap C$ معلوم کیجئے۔

(ii) ثنائی ربط کی تعریف کیجئے۔

(iii) اگر $U = \{1,2,3,.....,8\}$ اور $A=\{2,3,5,7\}$ ہو تو $A \cap A'$ معلوم کیجئے۔

(iv) نقطہ (6, -3) کو گراف پیپر پر ظاہر کیجئے۔

(v) 95°F کو درجہ حرارت سینٹی گریڈ میں تبدیل کیجئے۔

(vi) آرڈینیٹ کی تعریف کیجئے۔

(vii) کالمی نقشہ کی تعریف کیجئے۔

(viii) 4,2 اور 8 کا ضربی اوسط معلوم کیجئے۔

(ix) تغیریت کی تعریف کیجئے۔

حصہ دوم

(ہر سوال کے 8 نمبر اور ہر جزو کے 4 نمبر ہیں)

5- (الف) 20 قلم 2000 روپے کے ہوں تو ایسے 40 قلم کی کیا قیمت ہوگی؟

(ب) سونے کی مالیت 8,00,000 روپے، نقد رقم 4,00,000 روپے اور چاندی 50 تولہ (5000 روپے فی تولہ) پر زکوٰۃ معلوم کیجئے۔

6- (الف) ایک دکاندار ایک ڈنر سیٹ کو 3852 روپے میں فروخت کر کے 7 فیصد نفع حاصل کرتا ہے۔ اگر وہ ڈنر سیٹ 4050 روپے میں فروخت کرے تو اس کا نفع فیصد معلوم کیجئے۔

(ب) 1500 روپے پر 2 سال کیلئے 6 فیصد سالانہ کی شرح سے سالانہ ادائیگی کیلئے قابل ادا کمپاؤنڈ منافع معلوم کیجئے۔

7- (الف) 1300 سی سی اور 1600 سی سی دو کاروں کی بغیر ایکسائز ڈیوٹی کی قیمت بالترتیب 600,000 روپے اور 800,000 روپے ہے۔ اگر ان دونوں کاروں پر ایکسائز ڈیوٹی بالترتیب 200 فیصد اور 250 فیصد ہو تو دونوں کاروں کی قیمت بشمول ایکسائز ڈیوٹی معلوم کیجئے۔

(ب) ثابت کیجئے کہ $3 \log 2 + \log 5 = \log 40$

8- (الف) جمعی سلسلہ میں رقم کی تعداد معلوم کیجئے جبکہ

$a_1 = 3 ; d = 4 ; a_n = 59$

(ب) اگر $U = \{1,2,3,4,.....9\}$, $A=\{2,3,6,9\}$ اور $B = \{1,3,6,7,8\}$ ہو تو ثابت کیجئے کہ

$(A \cup B)^c = A^c \cap B^c$

9- (الف) $y = x + 7$ کا گراف کھینچئے۔

(ب) درج ذیل تعددی مواد کا ضربی اوسط معلوم کیجئے:

x	1	2	3	4
f	2	3	4	1

www.ilmkidunya.com